فوری ریلیز کے لیے: 3/11/2022 گورنر **KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے آمدنی کے لحاظ سے اہل، میڈی کیئر سے مستفید ہونے والوں کے لیے امداد میں توسیع کا اعلان کیا

توسیع شدہ میڈی کیئر سیونگز پروگرام کے فوائد تک رسائی، مستفید ہونے والوں کو سن 2023 سے، اندازاً سالانہ 7,000$ کی اوسط بچت فراہم کرے گی

ریاست بھر میں آبجیکٹو ہیلتھ انشورنس کاؤنسلنگ پروگرام ابھی سے لے کر 7 دسمبر تک جاری، میڈی کیئر کے اندراج کے دوران، مستفید ہونے والوں کی مدد اور اسکریننگ کے لیے دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ نیو یارک کے مزید شہری نئے توسیع شدہ میڈی کیئر سیونگز پروگرام کے ذریعے 2023 میں اضافی مالی امداد کے اہل ہوں گے۔ مالی سال 2023 کے ریاستی بجٹ کے ذریعے لاگو کی گئی آمدنی کی اہلیت کی بڑھی ہوئی حدیں معمر بالغ افراد اور معذور افراد کی، صحت کی دیکھ بھال کے اخراجات کی ادائیگی میں مدد کریں گی جس سے ان کو اندازاً سالانہ 7,000$ کی اوسط بچت ہو گی۔

"ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم معمر بالغ افراد اور معذور افراد کی مدد کریں تاکہ وہ کمیونٹی میں وقار کے ساتھ بڑھاپا گزار سکیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میڈی کیئر سیونگز پروگرام کے لیے اہلیت کو وسعت دے کر، ہم اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ نیویارک کے ان شہریوں کی زیادہ بڑی تعداد کے لیے نگہداشت صحت کے اخراجات بوجھ نہ بنیں۔ میں تمام اہل مستفید ہونے والوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ اس پروگرام کے لیے درخواست دیں تاکہ وہ پیسے بچا سکیں اور اپنی نگہداشت صحت کی کوریج کو بہتر بنا سکیں۔"

جنوری سے، میڈی کیئر سیونگز پروگرام کے لیے ماہانہ آمدنی کی اہلیت کی حدیں، 2022 کی وفاقی غربت کی سطح کی بنیاد پر، ایک فرد کے لیے تقریباً 2,107$ اور ایک جوڑے کے لیے 2,839$ تک بڑھ جائیں گی۔ نیو یارک کے رہائشی اس پروگرام کے لیے پورے سال اور اندراج کھلا ہونے کے دوران درخواست دے سکتے ہیں، جو اس مہینے کی ابتدا میں شروع ہوا اور 7 دسمبر تک جاری رہے گا۔

توسیع شدہ معاونت 2023 میں لاگو ہو جائے گی، لیکن تمام مستفید ہونے والوں کو یہ دیکھنے کے لیے معلوم کرنا چاہیے کہ آیا وہ نئی رہنما ہدایات کے تحت اہل ہیں یا نہیں۔ آمدنی کی سرکاری حدیں اگلے سال وفاقی غربت کی نئی سطح کے نافذ ہونے کے بعد اپ ڈیٹ کی جائیں گی۔ تخمینے بتاتے ہیں کہ یہ فوائد اندراج کروانے والوں کو ماہانہ پریمیم کی لاگت اور ایکسٹرا ہیلپ بینیفٹ، فیڈرل پارٹ D پریسکرپشن سبسڈی پروگرام کی مالیت کی بنیاد پر سالانہ اوسطاً 7,000$ سے زیادہ کی بچت فراہم کر سکتے ہیں۔

میڈی کیئر سیونگز پروگرام محدود آمدنی پر گزارہ کرنے والے معمر بالغ افراد اور معذور افراد کی میڈی کیئر پارٹ B کا پریمیم - جو اس سال تقریباً 170$ ماہانہ اور 2023 سے 165$ ماہانہ ہو گا - ادا کرکے ان کی مدد کرتا ہے - اور خود کار طریقے سے ان کا ایکسٹرا ہیلپ میں اندراج کرتا ہے۔ یہ مالی امداد اندراج کرنے والوں کے لیے وسیلہ حیات ہو سکتی ہے، جس سے وہ اپنی میڈی کیئر کوریج کو برقرار رکھ سکتے ہیں، درکار نگہداشت تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں اور خوراک اور کرائے جیسی دیگر ضروریات کا خرچہ برداشت کر سکتے ہیں۔

ہر کاؤنٹی میں ریاست گیر ہیلتھ انشورنس انفارمیشن، کونسلنگ اینڈ اسسٹنس پروگرام کے ذریعے بھی مدد دستیاب ہے جس کا انتظام نیویارک اسٹیٹ آفس فار دی ایجنگ چلاتا ہے۔ یہ پروگرام میڈی کیئر سے مستفید ہونے والے ان افراد کے لیے مفت اور معروضی مشاورت پیش کرتا ہے جنہیں میڈی کیئر اسسٹنس پروگرام یا میڈی کیئر سے متعلق کسی دوسرے سوال کے حوالے سے درخواست دینے میں مدد کی اب ضرورت ہو جب کہ فیڈرل میڈی کیئر اوپن انرولمنٹ کی مدت نافذ العمل ہے۔

ریاست گیر ہیلپ لائن 1-800-701-0501 پر کال کرکے مقامی صلاح کار سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ اس پروگرام کے لیے درخواست دینے کے بارے میں معلومات آن لائن بھی مل سکتی ہیں۔

نیویارک اسٹیٹ آفس فار دی ایجنگ کے قائم مقام ڈائریکٹر Greg Olsen نے کہا، "پچھلے سال اپنے فراہم کنندہ نیٹ ورک کے ساتھ مل کر ہم نے میڈی کیئر سیونگز اور آمدنی کے لحاظ سے اہل دیگر پروگرامز کے لیے درخواست دینے والے 16,000 سے زیادہ مستفید ہونے والوں کی معاونت کی، جس سے انہیں میڈی کیئر اور نسخے کے اخراجات میں 48$ ملین سے زیادہ بچت کرنے میں مدد ملی۔ معمر بالغ افراد اور معذور افراد کی مدد کرنے کے گورنر Hochul کے عزم کی بدولت ہم نگہداشت صحت کے خرچ اور دیگر اخراجات کے بوجھ تلے دبے نیویارک کے شہریوں کے لیے اور بھی زیادہ مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔"

میڈی کیئر رائٹس سینٹر کے صدر Fred Riccardi نے کہا، "2023 سے شروع ہونے والی یہ تاریخی تبدیلی نیو یارک کے تقریباً 300,000 مزید شہریوں کو ان اہم فوائد تک رسائی میں مدد دے گی جن کی انہیں ضرورت ہے اور روزمرہ کے اخراجات میں بھی مدد دے گی۔ یوں، میڈی کیئر پارٹ B کے پریمیم کی پوری قیمت کی ادائیگی سے ایک اہل شخص کی سوشل سیکورٹی کی آمدنی میں براہ راست اضافہ ہو گا۔ میڈی کیئر کی موسم خزاں کی اوپن انرولمنٹ وہ وقت ہے جب میڈی کیئر کے حامل افراد اپنے کوریج کے اختیارات میں غیر محدود تبدیلیاں کر سکتے ہیں اور ہم ہر کسی کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ میڈی کیئر سیونگز پروگرام کے لیے اسکریننگ کروائیں اور اہل ہونے کی صورت میں درخواست دیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418